طبع گیارہ

نام کتاب .... معالم العرفان فی دروس القرآن (سورۃ محمد تا سورۃ الرحمٰن مکمل)

افادات .... حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی خطیب جامع مسجد نور گوجرانوالہ

مرتب .... الحاج لعل دین۔ایم اے علوم اسلامیہ

ضخامت .... ۵۲۸ صفحات

تعداد طباعت .... پانچ سو (۵۰۰)

سرورق .... سید الخطاطین حضرت شاہ نفیس الحسینی مدظلہ

کتابت .... محمد امان اللہ قادری گوجرانوالہ

ناشر .... مکتبہ دروس القرآن فاروق گنج گوجرانوالہ

قیمت .... ۱۶۵ روپے

اکتوبر ۲۰۰۷ بمطابق شوال ۱۴۲۸ھ

ملنے کے پتے

(۱) مکتبہ دروس القرآن، محلہ فاروق گنج گوجرانوالہ

(۲) مکتبہ رشیدیہ، سرکی روڈ کوئٹہ

(۳) مکتبہ قاسمیہ، الفضل مارکیٹ اردو بازار، لاہور

(۴) مکتبہ سید احمد شہیدؒ، اردو بازار، لاہور

(۵) کتب خانہ رشیدیہ، راجہ بازار راولپنڈی

(۶) کتب خانہ مجیدیہ، بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

(۷) مکتبہ حلیمیہ نزد جامعہ بنوریہ سائٹ نمبر ۶ کراچی

(۸) اسلامیہ کتب خانہ اڈا کامی، ایبٹ آباد

روزانہ درس قرآن

تفسیر

سورۃ محمّد (مکمّل)

سورۃ الفتح (مکمّل)

سورۃ الحجرات (مکمّل)

سورۃ ق (مکمّل)

سورۃ الذّٰریٰت (مکمّل)

سورۃ الطّور (مکمّل)

سورۃ النّجم (مکمّل)

سورۃ القمر (مکمّل)

سورۃ الرّحمٰن (مکمّل)

جلد ۱۷

افادات :- حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی دام مجدہم
خطیب جامع مسجد نور، گوجرانوالہ، پاکستان

تِلْكَ الْغَرَانِيْقُ الْعُلٰى
اِنَّ شَفَاعَتَهُنَّ لَتُرْتَجٰى

یہ بہت بڑی ہستیاں ہیں اور ان کی سفارش ضرور کارگر ہو گی کہتے تھے خدا تعالیٰ راضی ہو یا ناراض یہ ہستیاں ہمیں عذاب الٰہی سے ضرور بچالیں گی۔ اس طرح وہ لوگ گویا جبری سفارش کے قائل تھے جس کی اللہ نے قرآن میں متعدد بار نفی کی ہے ہر ایرے غیرے، مشرک، منافق کیلئے تو سفارش مفید ثابت نہیں ہو سکتی، بلکہ سفارش تو اس کے حق میں مفید ہو گی جس کا عقیدہ صحیح ہو گا اور پھر اللہ تعالیٰ نے اس کے حق میں سفارش کے لیے اجازت بھی دی ہو گی۔

قوم نوح کے پانچ معبودانِ باطلہ کا ذکر میں نے پہلے کیا ہے، اور ان میں سے ود اور سواع کی تاریخی حیثیت بھی عرض کی ہے۔ باقی تین بتوں میں ایک یغوث تھا۔ یہ لفظ غوث کے مادہ سے ہے جس کا معنیٰ فریاد رسی ہوتا ہے۔ مشرک لوگ اپنی مشکل کشائی کے لیے اس بت کی پوجا کرتے تھے اور اس پر چڑھاوے چڑھاتے تھے۔ یہ شیر کی شکل میں بنایا جاتا تھا۔ یعوق انسان کے لیے بمنزلہ مال کے ہے۔ مال و دولت کے حصول کے لیے اس بت کی پوجا ہوتی تھی۔ یعوق کا معنیٰ تکلیف کو دُور کرنے والا بھی ہوتا ہے۔ یہ گھوڑے کی شکل میں بنایا جاتا تھا۔ مشرکین کا تصور یہ تھا کہ یہ تیز رفتار ہونے کی وجہ سے پکارنے پر مدد کے لیے جلد پہنچ جاتا ہے۔ پانچواں معبود نسر، نامی تھا جو کہ گدھ کی شکل پہ بنایا جاتا تھا۔ گدھ بھی بڑا طاقتور اور تیز رفتار پرندہ ہے اور جہاں خوراک نظر آئے فوراً پہنچ جاتا ہے۔ مشرک اس کو بھی مشکل کشائی کے لیے پکارتے تھے۔ ہمارے دور میں لوگ "یا علی مشکل کشا" اور "یا پیر دستگیر مدد" کے نعرے لگاتے ہیں جو کہ قوم نوح کے مشرکوں سے کم نہیں۔ نزولِ قرآن کے زمانہ کے مشرکوں میں بھی ایسے تصورات پائے جاتے تھے اور وہ غیر اللہ سے مافوق الاسباب اعانت طلب کرتے تھے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کے پاس کچھ اختیار نہیں۔ فرشتے، نبی، ولی، جن سب اُس کے عاجز بندے ہیں۔ اللہ نے کسی کو بنایا